ڈائریکٹر میڈیا سندھ پولیس آفس
فون 99212639

مقدمات کے اندراج، جائے وقوعہ کے معائنے میں تاخیر نہ کی جائے۔۔ آئی جی سندھ

کراچی 04 جون 2013ء۔ آئی جی سندھ شاہد ندیم بلوچ نے واردات پر تھانوں میں حدود کے متعلقہ تنازعات کے حوالے سے شائع میڈیا خبر پر نوٹس لیتے ہوئے پولیس کو ہدایات جاری کی ہیں کہ کسی بھی نوعیت کے جرائم کے مقدمات کے اندراج، جائے وقوعہ کے معائنے میں تاخیر نہ کی جائے اور اس حوالے سے لیت و لعل سے اجتناب کرتے ہوئے فوری تفتیشی عمل کو یقینی بنایا جاسکے۔ بصورت دیگر سخت انضباطی کارروائی کا سامنا کرنا پڑیگا۔

انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اور انکے درپیش مسائل کے حل میں عوام کو مثبت رویوں کو ملحوظ خاطر رکھ کر سہولیات کی فراہمی پولیس کے بنیادی فرائض ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی کرائم کی اطلاع ملتے ہی قریبی تھانہ پولیس کرائم سین تک فوری رسائی کو یقینی بنائے تاکہ وقوعے کی تفتیش میں میرٹ اور تفتیش کو مؤثر و نتیجہ خیز بنانیوالے شواہد کو ضائع ہونے سے بچایا جاسکے۔

انہوں نے پولیس کو ہدایات دیں کہ جرائم کے خلاف نا صرف ٹارگیٹڈ کاروائیوں میں مزید تیزی لائی جائے بلکہ مختلف جرائم میں ملوث گرفتار ملزمان سے تفتیش کو عینی واقعاتی شہادتوں، فارنزک تحقیقات کو پیش نظر رکھتے انتہائی ٹھوس اور مؤثر بنایا جائے تاکہ ملزمان کو متعلقہ عدالتوں سے مثالی سزاؤں کے عمل کو یقینی بنایا جاسکے۔

انہوں نے کہا کہ اسٹریٹ کرائمز کی روک تھام کے ضمن میں پولیس حکمت عملی اور لائحہ عمل کو مربوط بناتے ہوئے تھانوں کی سطح پر رینڈم اسنیپ چیکنگ اور پیٹرولنگ کو مزید سخت کیا جائے۔ جبکہ مذکورہ امور متعلقہ ایس ایچ اوز کی نگرانی میں یقینی بناکر علاقوں میں پولیس ڈیپلائمنٹ کی وقتاً فوقتاً چیکنگ اور مانیٹرنگ کے لیے بھی ہر ممکن اقدامات کیے جائیں۔